مورخہ 11-06-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | گوادر عالمی معیشتوں کی توجہ مرکز بن چکا ہے، گورنر بلوچستان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وزیر اعظم نے سنجیدگی سے بلوچستان کے مسائل پر توجہ دی وزیر اعلیٰ بزنجو، پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل پر اظہار تشکر۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | بلوچستان کیلئے وفاق کی قابل عمل سفارشات سے اچھے نتائج سامنے آئینگے عبدالقدوس بزنجو۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | نئے این ایف سی میں 50 فیصد آبادی اور 50 فیصد رقبہ مدنظر رکھا جائے، انجینئر زمرک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | وفاقی بجٹ میں حلقے کے ترقیاتی منصوبوں کو شامل کیا گیا، نور محمد مڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | بی اے پی اوراس کی اتحادی پارٹیوں کا بجٹ تاریخ ہوگا طوراتمانخیل۔ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | صوبائی وزیر تعلیم اور دیگر حکام کے ہڑتال اساتذہ سے مذاکرات۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے لئے تقریبا 5 بلین روپے مختص۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان کے لئے ائیر ٹیکسی سروس کا آغاز 18 جون کو ہوگا۔ | سینچری ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان میں عید الاضحی سے قبل کانگووائرس پھیلنے کا خدشہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ایرانی پیٹرول کی بندش سرحد سے سیکڑوں میل اندر آنے والی چیز کو کیسے روکا جارہا ہے، اسپیکر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | صوبوں کو وفاقی محاصل کی مد میں بلوچستان کو 479 ارب روپے ملیں گے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان بارود کے ڈھیر پر ہے مہمان حکومت نے تاریخ کا بدترین بجٹ دیا سراج الحق۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | ظالمانہ پالیسیوں کا مقابلہ بلوچ پشتون اتفاق سے ممکن ہے، اے این پی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | ہڑتال ٹیچرز کی حالت غیر حکومت مطالبات فوری منظور کرے نیشنل پارٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | حکومت اپنی عیاشیوں کو کم کر کے اساتذہ اور ملازمین کو مراعات دے جمعیت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

امداچوک کے قریب سے لاش برآمد، ہرنائی ایرانی پیٹرول فروخت کرنے والوں کے خلاف پولیس کی کاروائی، ڈیرہ مراد جمالی نقدی چھیننے کے دوران مزاحمت پر باپ بیٹا فائرنگ سے زخمی، تربت میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک، کوئٹہ پولیس نے بیوی اور بیٹی کو قتل کرنے والے ملزم سمیت 7 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 11-06-2023

## عوامی مسائل

کمرشل بینکوں کی اے ٹی ایمز غیر فعال کھاتے دار رقم کیلئے خوار، کوئٹہ میں ترقیاتی منصوبوں کے نام پر کرپشن جاری، کوئٹہ میں گیس بجلی کا پانی کا مسئلہ کھمبیر شہری ذہنی مریض بن گئے، ٹرکوں پر فائرنگ کے واقعات کا سدباب کیا جائے پرچون گڈز، بیروزگار ویٹرنری ڈاکٹروں کا اسمبلی کے سامنے احتجاج ڈگریاں نذر آتش۔ کوئٹہ ڈبل کے نام پر پاپڑ نما روٹی نانبائیوں کی من مانیاں عروج پر۔ حکومت لورالائی ڈیری فارم کو فنڈ فراہم کرے، عوامی حلقے،

## اداریہ:

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان میں ترقیاتی منصبوں کے افتتاح سنگ بنیاد رکھنے کی تریبات پر پابندی**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو نے ترقی منصوبوں کے افتتاح یا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریبات پر پابندی عائد کردی ہے ان کا کہنا ہے کہ ترقیاتی منصوبے عوام کے وسائل سے بناتے جاتے ہیں جن کا کریڈٹ کسی وزیر یا رکن اسمبلی یا کسی سرکاری عہدار کو دینا ناانصافی کے مترادف ہے ظاہری نمود نمائش کی بجائے بنیادی مسائل کا حل ہے ترقیاتی منصوبے عوام کا حق ہیں حکومت کا احسان نہیں وزیر اعلیٰ کا یہ فیصلہ قابل ستائش ہے کیونکہ ترقیاتی منصوبے وزراء ارکان اسمبلی اور سرکاری حکام کی ذاتی جیب سے نہیں بنائے جاتے بلکہ ان پر سرکاری خزانے کا وہ پیسہ خرچ ہوتا ہے۔ جو ٹیکسوں کی صورت عوام ادا کرتے ہیں سنگ بنیاد رکھنے یا منصوبے کے افتتاح کی تقریبات پر بہت زیادہ اخراجات آتے ہیں جو سرکاری وسائل پر بوجھ ہے وزیر اعلیٰ کے اس فیصلے اور ان کے احکامات پر فوری عملدر آمد ہونا چاہئے۔

## اداریے:

"روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ "Lawyers assassination" "عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ جنگ کوئٹہ "**بلوچستان کا بجٹ صوبے کا آئینی حق**" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**سرکاری ہسپتالوں مریض رل گئے** عنوان صعید الصحر ارفع صحرائی نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# گوادر ایک جدید انٹرنیشنل شہر بننے جا رہا ہے، گورنر کاکڑ

**گہرے پانی میں بندرگاہ کی تعمیر کے بعد گوادر کی اہمیت اور بڑھ گئی ہے، دورے کے موقع پر گفتگو**

گوادر (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ کوسٹل بیلٹ کے تاجروں اور صنعتکاروں کو تمام ضروری سہولیات اور روزگار کے نئے مواقع فراہم کرنا توجہ طلب ہے، ہم بہت جلد گوادر چیمبر آف کامرس کے مسائل کے پائیدار حل کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھائیں گے، گورنر بلوچستان نے کہا کہ موجودہ حکومت کی جانب سے گوادر میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی عمل اور گوادر کی مقامی آبادی کے دیرینہ مسائل کا پائیدار حل اور انھیں تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں پر عملدرآمد لائق تحسین عمل ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو گوادر چیمبر آف کامرس کے صدر حسن اتفاق کی قیادت میں صنعت و تجارت سے وابستہ افراد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ یہ ہم سب کی خوش قسمتی ہے کہ گوادر خطے کا ایک جدید انٹرنیشنل شہر بننے جا رہا ہے اور گوادر کے اہم تجارتی مرکز بننے سے ملک اور صوبے کے معاشی نظام کو استحکام ملے گا، انہوں نے کہا کہ گوادر کے ساحل پر پہلا حق گوادر کے مکینوں کا ہے لہٰذا ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچایا جانا اشد ضروری ہے، گورنر بلوچستان نے کہا کہ گوادر میں بین الاقوامی اور مقامی سرمایہ کاروں کی سرمایہ کاری سے بڑے پیمانے پر یہاں کے انفراسٹرکچر کی تعمیر و ترقی میں مدد ملے گی، گوادر چیمبر آف کامرس کے ممبرز نے گورنر بلوچستان کو اپنی درپیش مشکلات اور روزگار کے نئے مواقعوں کے حوالے سے آگاہ کیا جس پر گورنر بلوچستان نے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ علاوہ ازیں گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ گوادر اپنے جغرافیائی محل وقوع کے اعتبار سے ہمیشہ عالمی معاشی قوتوں کی توجہ کا مرکز رہا ہے، انہوں نے کہا کہ گہرے پانی میں انٹرنیشنل بندرگاہ کی تعمیر کے بعد گوادر کی اہمیت اور بڑھ گئی ہے جو کہ پورے خطے میں شپنگ کا مختصر ترین روٹ ہے، یہ بات انہوں نے ادارہ ترقیات گوادر میں ایک بریفنگ کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کی۔ گورنر بلوچستان عبدالولی خان کاکڑ نے تعمیر و ترقی کے مجوزہ منصوبے اور جی ڈی اے کی کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ زیر تعمیر تمام چھوٹے اور بڑے منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز کیا جائے تاکہ مقامی لوگ بھی ان کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں، گوادر کے عوام کو تمام بنیادی سہولیات بالخصوص صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے مجیب الرحمٰن قمبرانی نے گورنر بلوچستان کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ گوادر میں قدرتی و انسانی وسائل کی ترقی کیلئے سرمایہ کاری کی جامع منصوبہ بندی کی گئی اور اس مقصد کے حصول کیلئے ماسٹر پلان کو مرتب کرکے اس پر عملدرآمد کرنے کیلئے گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے اپنے ابتدائی دنوں میں گوادر کے انفراسٹرکچر کی تعمیر و ترقی پر زور دیا ہے، بریفنگ میں بتایا گیا کہ گوادر ماسٹر پلان کے ابتدائی مرحلے میں بنیادی ضروریات زندگی اور عوامی نوعیت کے بڑے بڑے منصوبے مکمل کئے گئے ہیں۔

## نیشنل ہائی وے کے زیر اہتمام
## گورنر ہاؤس میں روڈ سیفٹی سیمینار

کوئٹہ (پ ر) نیشنل ہائی وے اینڈ موٹر وے پولیس موبائل ایجوکیشن یونٹ سیکٹر قلات نے گورنر ہاؤس بلوچستان میں روڈ سیفٹی آگاہی سیمینار کا اہتمام کیا جس میں پروٹوکول آفیسر، چیف پائلٹ، ڈی ایس پی سیکورٹی، ایڈمن آفیسر، گورنر اور سیکورٹی اسکواڈ کے ڈرائیور گورنر سیکرٹریٹ کے عملے نے شرکت کی۔ سیشن میں شرکاء کو سڑک کے فرنیچر، کاک پٹ ڈرل، ٹائر کی حفاظت، قافلے میں ڈرائیونگ کی مہارت کے بارے میں بینک ٹریننگ دی گئی۔ سیشن کے اختتام پر شرکاء کے سوالات کے جواب دیئے گئے۔

MASHRIQ QUETTA

# گوادر عالمی معیشتوں کی توجہ کا مرکز بن چکا ہے، گورنر بلوچستان

**گہرے پانی میں بندرگاہ کی تعمیر کے بعد گوادر کی اہمیت اور بڑھ گئی ہے جو کہ خطہ میں شپنگ کا مختصر ترین روٹ ہے، ملک عبدالولی کاکڑ**

**ماسٹر پلان پر نظر ثانی کرکے چین کی مدد سے کچھ نئے اضافے کے ساتھ دوبارہ سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان ڈیزائن کیا گیا ہے، بریفنگ**

کوئٹہ (آئی این پی) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ گوادر اپنی قدرتی جغرافیائی وجود کے باعث ہمیشہ عالمی معیشتوں کے توجہ کا مرکز رہا ہے گہرے پانی میں بندرگاہ کی تعمیر کے بعد گوادر کی اہمیت اور بڑھ گئی ہے جو کہ خطہ میں شپنگ کا مختصر ترین روٹ ہے ان خیالات کا اظہار انھوں ادارہ ترقیات گوادر میں ایک بریفنگ میں شرکت کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا ہے ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر مجیب الرحمٰن قمبرانی نے گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ گوادر میں قدرتی و انسانی وسائل......

بقیہ نمبر 37 صفحہ 9 پر

کی ترقی کیلئے سرمایہ کاری کی جامع منصوبہ بندی کی گئی اور اس مقصد کیلئے ماسٹر پلان کو مرتب کرکے اس پر عملدرآمد کرنے کیلئے گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی گوادر نے اپنی ابتدائی دنوں میں گوادر کی بنیادی ڈھانچے کی تعمیر و ترقی پر زور دیا ہے بریفنگ میں بتایا گیا کہ گوادر ماسٹر پلان کے ابتدائی مرحلے میں بنیادی ضروریات زندگی اور عوامی نوعیت کے بڑے بڑے منصوبے مکمل کیے گئے جس میں 22 مختلف کشادہ و وسیع و عریض شاہراہیں، جی ڈی اے پبلک ہائر سیکنڈری اسکول، ستر بیڈ پر مشتمل جی ڈی اے ہسپتال، ماہی گیروں کیلئے دو جیٹیز سربندر پشکان، اسپورٹس کمپلیکس، پارکس، اور گوادر انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی نمایاں ہیں جی ڈی اے کے قیام کا بنیادی مقصد گوادر شہر کو انکی قدرتی محل وقوع کے بدولت اور عالمی اہمیت کے پیش نظر تعمیر و ترقی کے عمل سے گزارنا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

DATE: 11 JUN 2023

Page No: 2

# Steps afoot for large-scale development in Gwadar: Kakar

**Staff Report**

**GWADAR**: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar has said that providing all the necessary facilities and new employment opportunities to the traders and industrialists of the coastal belt needs attention. We will soon take serious steps for a sustainable solution to the problems of Gwadar Chamber of Commerce. Governor Balochistan said that the large-scale development process in Gwadar by the present government and the sustainable solution to the long-standing problems of the local population of Gwadar and the implementation of the plans to provide them with all the basic facilities are commendable. He said that Gwadar has always been the center of attention of global economies due to its natural geographical existence and the importance of Gwadar has increased after the construction of the deep water port, which is the center of shipping in the region.

He expressed these views while participating in a briefing at the Gwadar Development Agency. A comprehensive plan of investment was made for the development of human resources and for this purpose, the Gwadar Development Authority Gwadar emphasized on the construction and development of the infrastructure of Gwadar in its initial days in order to compile the master plan and implement it. It was informed that in the initial phase of Gwadar Master Plan, basic life needs and major projects of public nature were completed, including 22 different wide and spacious highways, GDA Public Higher Secondary School, GDA Hospital with 70 beds, two jetties for fishermen, Sarbandar Pushkan, Sports Complex, Parks, and Gwadar Institute of Technology are the prominent ones.

So that this city's dream of becoming an international destination for tourism and economy can be realized. For this purpose, the master plan was revised and the smart port city master plan was designed again with some new additions with the help of China. The city has become the hub of the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC). New economic and social projects were launched in Gwadar under the Master Plan and CPEC, in which two docks for fishermen namely Breakwater, Pak-China Friendship Hospital, Gwadar New International Airport, Pak-China Technical Institute, Pak-China School, East Bay Expressway, Gwadar University, Free Zone, and China Business Center are prominent while Development Institute Gwadar. At present, it is working on many public projects including Old Town Restoration Project, Marine Drive, Road Network, Construction and Conservation of Ancient Cultural Sites, Rehabilitation of Sewage and Drain Line, Sports Grounds.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 11 JUN 2023 Page No: 6


# بلوچستان کیلئے وفاق کی قابل عمل سفارشات سے اچھے نتائج سامنے آئینگے، عبدالقدوس بزنجو

وزیراعظم نے خوش نیتی اور سنجیدگی کے ساتھ بلوچستان کے مسائل پر جس طرح سے توجہ مرکوز کی ہے وہ نہایت خوش آئند امر ہے

یقین ہے وزیراعظم کی جانب سے قائم کردہ کمیٹی بلوچستان کے حل طلب مسائل کیلئے سنجیدہ اور قابل عمل سفارشات تیار کرے گی

میر عبدالقدوس بزنجو کی صدارت میں کیو ڈی اے کے گورننگ باڈی کے اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں اور دیگر امور پر اہم فیصلے کیے گئے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کے ذمہ بلوچستان کے واجبات کی فوری ادائیگی اور بلوچستان کے وفاق سے متعلق دیگر دیرینہ مسائل کے حل کیلئے پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کا شکریہ اد...........

بقیہ 5 صفحہ نمبر 9 پر

اکیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ وزیراعظم نے خوش نیتی اور سنجیدگی کے ساتھ بلوچستان کے مسائل پر جس طرح سے توجہ مرکوز کی ہے وہ نہایت خوش آئند امر ہے اور بلوچستان کی ترقی کا روڈ میپ ثابت ہوگا وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ ذاتی طور پر اسلام آباد جا کر وزیراعظم کا شکریہ ادا کرنا چاہ رہے تھے لیکن ناسازی طبیعت کے باعث وہ فوری طور پر اسلام آباد نہیں جا سکتے تاہم جلد وہ وزیراعظم سے ملاقات کر کے ان کا شکریہ ادا کریں گے

## وزیراعلیٰ کا کوئٹہ پولیس کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کوئٹہ پولیس کی جانب سے سماج دشمن اور جرائم پیشہ...........

بقیہ 28 صفحہ نمبر 9 پر

عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر اطمینان و خوشی کا اظہار کرتے ہوئے پولیس کی کارکردگی کو سراہا ہے وزیراعلیٰ نے گذشتہ دو دنوں کے دوران کوئٹہ اور گردونواح میں چوری شدہ اسلحہ کی برآمدگی اور منشیات تیار کرنے کی فیکٹری کو تلف کرنے اور ان میں ملوث عناصر کی گرفتاری پر ڈی آئی جی کوئٹہ کیپٹن (ر) غلام اظفر مہیسر اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کوئٹہ پولیس اپنی اس کارکردگی کو برقرار رکھتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور شہر میں دیرپا امن کے قیام کو یقینی بنائے گی حکومت کی مکمل سرپرستی اور تعاون پولیس کو حاصل رہے گا۔

## کامیابیاں تندرستی ناکامی اللہ کی موجودگی کا احساس دلاتی ہیں، قدوس بزنجو

وہ ہر چیز پر قادر ہے ان چیزوں کے ذریعے اپنے بندوں کا امتحان لیتا ہے، وزیراعلیٰ

سب کچھ خالق حقیقی کی طرف سے ہے اور واپس اسکی طرف ہی لوٹ کر جاتا ہے، اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ دکھ اور خوشی، بیماری اور تندرستی،.........

بقیہ 3 صفحہ نمبر 9 پر

ناکامی اور کامیابی یہ سب ہمیں مالک کائنات کی موجودگی کا احساس دلاتی ہے اور یہ پیغام دیتی ہے کہ وہ ہر چیز پر قادر ہے ان چیزوں کے ذریعے وہ اپنے بندوں کا امتحان لیتا ہے اور اس امتحان میں کامیاب وہی ہوتا ہے جو اسکو مالک حقیقی کی رضا اور امتحان سمجھ کر اس ہی سے ہی مدد مانگے لیکن بدقسمتی سے ہم ان سب کے لئے قصوروار بھی انسانوں ہی کو ٹھہراتے ہیں اور مدد بھی ان سے مانگتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بیماری جو خالق حقیقی کی جانب سے ایک آزمائش ہوتی ہے، ہم اسکا مقصد ڈھونڈنے اور رب العزت سے شفاء مانگنے کی بجائے ایک سیکنڈ سوچے بغیر انسانوں سے توقع لگانے بیٹھ جاتے ہیں کہ وہی ہمیں ٹھیک کر سکتے ہیں اور کامیابی کو اپنی دانشمندی اور ناکامی کو دوسروں کی سازش قرار دیکر ان چیزوں میں چھپی حکمت کو ڈھونڈنے کی کوشش نہیں کرتے وزیراعلیٰ نے کہا کہ انسان کی پیدائش پر خوشیاں منانے والے اسی انسان کی پیدائش پر دھاڑیں مار مار کر رونے کیساتھ ساتھ ایسے جملے ادا کرنے لگ جاتے ہیں جو کہ خالق کائنات کی ناراضگی کا سبب بنتے ہیں جبکہ ہمارا ایمان ہونا چاہیے کہ سب کچھ خالق حقیقی کی طرف سے ہے اور واپس اسکی طرف ہی لوٹ کر جانا ہے وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ میں بھی بیماری کی صورت میں سب سے پہلے رب العزت سے دعا کرتا ہوں کہ مجھ جیسے کمزور انسان کو اس امتحان کیلئے اگر چنا ہے تو اس سے نکلنے کی توفیق بھی دے اور مجھے اس امتحان میں کامیاب کرے یہی عقیدہ مجھے شفاء دلاتا ہے یہی عقیدہ ہے کہ میں اپنی بیماری کی صورت میں فوراً بڑے بڑے ڈاکٹروں اور بنا سوچے سمجھے عالیشان ہسپتالوں کا رخ کرنے کی بجائے پورے یقین کے ساتھ پہلے خالق حقیقی کی طرف رجوع کرتا ہوں، اس سے مدد مانگتا ہوں اور وہ میری مدد کرتا ہے۔

# CM thanks PM for PPL dues payment

## Hails formation of parliamentary body to resolve Balochistan problems

**Staff Report**

**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo on Saturday thanked Prime Minister Muhammad Shehbaz Sharif for the immediate payment of Balochistan's dues to Pakistan Petroleum Limited (PPL) and the formation of a parliamentary committee to resolve other long-standing issues related to the federation of the province.

The Chief Minister said that the manner in which the Prime Minister has focused on the problems of Balochistan with goodwill and seriousness was very welcome and would prove to be the road map for the development of Balochistan.

He said he wanted to personally visit Islamabad to thank the Prime Minister, but due to his ill health, he could not go to Islamabad immediately, however, soon he would meet the Prime Minister in that regard. The CM said that the Prime Ministers decisions and announcements regarding Balochistan are an example of his statesmanship and being a visionary leader. The manner in which the Prime Minister is trying to solve the economic problems facing Pakistan is unprecedented in the past, he added.

Bizenjo said that the credit for the 18th Amendment went to former President Asif Ali Zardari, who asserted his right over the powers and resources of the provinces, but unfortunately, the provinces were still facing problems due to the non-implementation of the 18th Amendment in true letter and spirit. For the solution of which more concrete steps need to be taken, he said adding that in the past, meetings at the federal level regarding Balochistan were nothing more than sitting, talking, and dismissing.

He said that however, we were sure that the committee established by the Prime Minister would prepare serious and workable recommendations for all the unresolved problems of Balochistan, the implementation of which would bring far-reaching results.

In the meeting of the governing body of Quetta Development Authority under the chairmanship of Chief Minister Balochistan Abdul Quddus Bizenjo, important decisions regarding ongoing and proposed development projects of QDA and other related issues were taken.

Parliamentary Secretary QDA Shahina Kakar, Members Provincial Assembly Qadir Nayel, Akhtar Hussain Lango, Ahmed Nawaz Baloch, Secretary UPND Manzoor Zehri, Director General QDA Muzamal Hussain Haliputu, Administrator QMC Abdul Jabbar chaired the meeting. Baloch and other relevant officials including Station Commander Quetta participated in the meeting.

## حکومت اپنی عیاشیوں کو کم کر کے اساتذہ اور ملازمین کو مراعات دے، جمعیت

**موجودہ حکومت کی وجہ سے تمام طبقات اپنی بنیادی ضروریات سے محروم ہیں، صوبائی بیان**

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی بیان میں کہا گیا ہے کہ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے جائز مطالبات کو فوری طور پر تسلیم کئے جائیں، صوبائی حکومت اپنے عیاشیوں کو کم کر کے اساتذہ سمیت ان تمام سرکاری ملازمین کو مراعات دیں کیونکہ موجودہ مہنگائی میں حکومت کی جانب سے ملازمین کو تنخواہ دی جا رہی ہے اس میں سرکاری ملازمین کے مسائل حل نہیں ہوتے، جمعیت علماء اسلام اساتذہ کرام کے ساتھ ہیں اور ان کے تمام جائز مطالبات کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ صوبائی بیان میں کہا گیا کہ بلوچستان میں موجودہ حکومت کی وجہ سے تمام طبقات اپنے بنیادی ضروریات سے محروم ہیں اور حکومت اپنے لئے تو وسائل پیدا کر دیتے ہیں اور وزراء کو نوازنے کیلئے اربوں روپے فنڈز مختص کرتے ہیں مگر اساتذہ سمیت دیگر سرکاری ملازمین کے جو مطالبات اور مسائل ہیں ان کو حل کرنے میں سنجیدہ نہیں ہے اور گزشتہ چھ دنوں سے اساتذہ بلوچستان اسمبلی کے سامنے تادم مرگ بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہیں اور کئی اساتذہ کی حالت غیر ہو گئی ہے لیکن اس کے باوجود صوبائی حکومت اور بیوروکریسی ٹس سے مس نہیں ہو رہی ہے جمعیت علماء اسلام سمجھتی ہے کہ اساتذہ کے جو بھی مطالبات یا ڈیمانڈ ہیں انکو فوری طور پر حل کیا جائے اور اگر تادم مرگ بھوک ہڑتال بیٹھے اساتذہ کو کچھ ہوا اس کے تمام تر ذمہ داری موجودہ حکومت پر عائد ہوگی انہوں نے کہا کہ اساتذہ مستقبل کے معماروں کی بنیاد رکھتے ہیں مگر بدقسمتی سے یہاں پر اساتذہ، ڈاکٹرز یا دیگر طبقات جو کہ ہمارے بچوں کی مستقبل اور ان کی زندگیوں کو بچاتے تک ان کے لئے کوئی اقدامات نہیں اٹھائے جاتے۔

## ہڑتالی ٹیچرز کی حالت غیر، حکومت مطالبات فوری منظور کرے، نیشنل پارٹی

**بلوچستان میں اساتذہ کی پروموشن اپ گریڈیشن کا معیار دیگر صوبوں کی نسبت کم ہونا نامناسب ہے، خیر بخش بلوچ**

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری خیر بخش بلوچ صوبائی ترجمان علی احمد لانگو کی قیادت میں وفد نے گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے احتجاجی دھرنے میں شرکت اور اظہار یکجہتی کی۔ نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری خیر بخش بلوچ نے احتجاجی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی سیاسی جمہوری جماعت ہے اور ملک میں جمہوری عمل کی تسلسل مزدور یونین طلباء یونین کی بحالی کو ملک و سماج کی تعمیر و ترقی کا ذریعہ سمجھتی ہے۔ دنیا میں اساتذہ کا بلند و باوقار مقام ہے لیکن افسوس کہ ہمارے یہاں اساتذہ اپنے جائز مطالبات کیلئے بھوک ہڑتال پر مجبور ہیں اور اب ہڑتالی ٹیچرز کی حالت غیر ہو چکی ہے لیکن پھر بھی حکومت وقت کو احساس نہیں۔ نیشنل پارٹی گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے جائز مطالبات کی مکمل حمایت کرتی ہے اور ان کی فوری منظوری کا مطالبہ کرتی ہے۔ نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری نے کہا کہ افسوس کا مقام ہے ملک کے دیگر صوبوں میں اساتذہ کرام کے پروموشن اپ گریڈیشن کا معیار صحیح ہے لیکن بلوچستان میں دیگر صوبوں کی نسبت کم ہے جو نامناسب ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی اساتذہ کی مطالبات کی حمایت و تعاون کا یقین دلاتی ہے۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے قائدین نے بھوک ہڑتال پر بیٹھے اساتذہ و میر گل بلوچ حاجی نظام الدین کاکڑ عارف خان سردار عبدالوہاب محبوب جمالی ظاہر شاہ سمیت دیگر کے اظہار یکجہتی کی۔

## ظالمانہ پالیسیوں کا مقابلہ بلوچ پشتون اتفاق سے ممکن ہے، اے این پی

**کارکن اور ذمہ دار رکن سازی میں بھرپور حصہ لیں، رہنماؤں کا حب میں مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب**

حب (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکمران اشرافیہ کی ظالمانہ پالیسیوں کا مقابلہ پشتون بلوچ اتفاق کے ذریعے ہی ممکن ہے مد مقابل کی قوت ہماری آپس کی ناچاکیاں ہیں، جب ہم متحد تھے تو وہ ہمیں آسانی سے زیر نہ کر سکے۔ نیشنل عوامی پارٹی جیسی وسیع النظر قوم دوست وطن دوست ترقی جمہوری پلیٹ فارم کی آج کل سے زیادہ ضرورت ہے۔ اے این پی فخر باچا خان کے تسلسل کی حیثیت سے صد سالہ جدوجہد اپنی فعال و منظم تنظیمی ربط کی بدولت سرانجام دے رہی ہے۔ کارکن اور ذمہ دار رکن سازی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور تنظیم سازی کے مرحلے کو بروقت طے شدہ شیڈول کے مطابق اپنی ذمہ داریاں بخوبی انجام دیں۔ ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کی صوبائی الیکشن کمیشن کے چیئرمین عبیداللہ عابد سیکرٹری شاہ اللہ کاکڑ ارکان ملک محراب خان کاکڑ ولی داد میانی اور ضلعی صدر منان افغان جنرل سیکرٹری شاہ محمد علیزئی نے ضلعی مجلس عاملہ کے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کے دوران کیا جس کی صدارت منان افغان نے کی۔ مہمان خاص عبیداللہ عابد تھے اجلاس میں ارکان کی کثیر تعداد موجود تھی اجلاس میں اتفاق رائے سے پانچ رکنی ضلعی الیکشن کمیشن تشکیل دیا گیا جس کے چیئرمین شاہ محمد علیزئی سیکرٹری نواز علی ایڈووکیٹ ارکان میں رزاق نورزئی حسن مزاری امین محسود شامل ہیں۔

---

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان بارود کے ڈھیر پر ہے، مہمان حکومت نے تاریخ کا بدترین بجٹ دیا، سراج الحق

**ٹیکسز کی بھرمار، حکمرانوں کی سوئی غلامی پر اٹکی، دہائیوں سے جاری کشکول مشن نے ملک کو ترقی کی بجائے تنزلی کی طرف دھکیلا**

**فاٹا کے ضم شدہ اضلاع، بلوچستان کو مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا، خیبر پختونخوا میں سرکاری و غیر سرکاری افراد کی لاشیں گر رہی ہیں**

ملتان (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے دہائیوں سے جاری کشکول مشن نے ملک کو ترقی کی بجائے تنزلی کی طرف دھکیلا، 41 دنوں کی مہمان حکومت نے ملکی تاریخ کا بدترین بجٹ دیا، وزیراعظم سے آئی ایم ایف کے زبانی وعدے پر بجٹ میں وہ تمام عوام دشمن اقدامات اٹھائے گئے جن کا حکم ملا تھا، ساڑھے 14 ہزار ارب کے بجٹ میں ساڑھے 7 ہزار ارب سودی قرضوں کی ادائیگی میں چلا جائے گا، وزیر خزانہ نے سود کے خاتمے کا وعدہ کیا تھا، بجٹ میں وفاقی شرعی عدالت، آئین کی پیروی کرنے کی بجائے آئی ایم ایف کی تابعد.......

بقیہ نمبر73 صفحہ 9 پر

اری کی گئی، حکمرانوں کی سوئی غلامی پر اٹکی ہے، ایک طرف قرضوں کا ہمالیہ ہے دوسری جانب سرکاری اخراجات 450 ارب سے بڑھا کر 765 ارب کر دیئے گئے، بہتر ہوتا حکمران اپنی مراعات ختم، کفایت شعاری کا اعلان کرتے،

## ڈیرہ مراد جمالی: نقدی چھیننے کے دوران مزاحمت پر باپ بیٹا فائرنگ سے زخمی

**ملزمان فرار ہو گئے، زخمی لاڑکانہ منتقل، واقعے کیخلاف قومی شاہراہ بند، سخت گرمی میں مسافروں کو مشکلات کا سامنا**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی میں ڈاکوؤں نے تاجر سے لاکھوں روپے چھیننے کے دوران مزاحمت پر باپ بیٹے کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا، ملزمان فرار واقعے کے خلاف مشتعل افراد نے دھرنا دیکر سندھ بلوچستان قومی شاہراہ ٹریفک کے لیے بند کر دی۔ ڈیرہ مراد جمالی کی مال منڈی کے مقام پر دوست محمد اپنے بیٹے کے ہمراہ منڈی جا رہے تھے کہ راستے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ان سے لاکھوں روپے نقد چھیننے کی کوشش کر دوران مزاحمت پر باپ بیٹے کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے، زخمیوں کو طبی امداد کے بعد لاڑکانہ منتقل کر دیا گیا۔ سندھ بلوچستان قومی شاہراہ کی بندش کے نتیجے میں دونوں اطراف کی ٹریفک معطل ہو کر رہ گئی جس کے باعث مسافروں کو سخت گرمی میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اس موقع پر شرکا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عید کے دن قریب آنے کے باوجود شہر میں پولیس گشت نہیں کیا جا رہا ہے، انہوں نے الزام عائد کیا کہ شہر میں امن و امان کی مخدوش صورتحال نے شہریوں کا جینا مشکل کر دیا ہے اور شہری گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ اگر فوری پر ملزمان کو گرفتار نہیں کیا گیا تو تھانے کے سامنے دھرنا دیکر احتجاج کریں گے جس کی تمام ذمہ داری انتظامیہ پر عائد ہو گی۔ متعدد گھنٹے گزرنے کے بعد انتظامیہ کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کر کے ٹریفک کے لیے راستہ کھول دیا گیا۔

## برنائی: ایرانی پیٹرول فروخت کرنے والوں کے خلاف پولیس کی کارروائی

برنائی (نامہ نگار) پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی پیٹرول پمپ کو سیل کر دیا۔ ایس پی برنائی عاصم شفیع نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ برنائی پولیس ایریا میں جتنے غیر قانونی پیٹرول پمپ تھے سب کو سیل کر دیا گیا ہے۔ ایرانی پیٹرول کی فروخت غیر قانونی ہے اس کے علاوہ شہر میں کھلے عام دکانوں میں پیٹرول کا کام کرنا کسی خطرے سے خالی نہیں۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے غیر قانونی طور پر ایرانی پیٹرول فروخت کرنے پر پابندی عائد کی ہے جس پر عمل درآمد کر کے تمام غیر قانونی پیٹرول پمپس کو سیل کر دیا گیا ہے۔

## تربت میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

تربت (نامہ نگار) بلیدہ میناز میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے عبدالقیوم ولد محمد سعید نامی شخص ہلاک ہو گیا۔ مقتول سابق صوبائی وزیر ظہور بلیدی کا بہنوئی بتایا گیا ہے۔

## امداد چوک کے قریب سے لاش برآمد



کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امداد چوک کے قریب سے لاش برآمد ہوئی ہے پولیس کے مطابق سول لائن پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ جناح روڈ امداد چوک کے قریب لاش پڑی ہوئی ہے لاش ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانے منتقل کر دی گئی ہے۔

## منگچر: دو گروہوں میں تصادم
## کمسن بچی سمیت تین افراد ہلاک

قلات (نامہ نگار) منگچر کے علاقہ کلی گوریزئی میں ایک قبیلے کے دو گروہوں میں مسلح تصادم کے نتیجے میں کمسن بچی اور دو بھائی غلام سرور ولد غلام محمد، غلام حیدر ولد غلام محمد، کمسن بچی مسماۃ ب دختر محمد اعظم جاں بحق اور نور ولد سید خان اقوام محمد حسنی سکنہ گوریزئی زخمی، واقعہ قبائلی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جاتا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ پولیس نے بیوی اور بیٹی کو قتل کرنے والے ملزم سمیت 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا

**بیوی اور بیٹی کو قتل کر کے فرار ہونے والے ملزم عبدالرازق کو گرفتار کر کے آلۂ قتل برآمد کر لیا گیا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بیوی اور بیٹی کو قتل کرنے والے ملزم سمیت 7 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ ایمونیشن اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ غلام اظفر مہیسر اور ایس ایس پی آپریشن زوہیب محسن کی خصوصی ہدایت پر خروٹ آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 6 روز قبل بیوی اور بیٹی……

بقیہ نمبر 66 صفحہ 9 پر

کو قتل کر کے فرار ہونے والے ملزم عبدالرازق کو گرفتار کر کے آلہ قتل برآمد کر لیا دوسری کارروائی میں بروری پولیس نے ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم محمد نعیم کو گرفتار کر کے اسکے قبضے سے اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر کے قبضے میں لے لیا اس کے علاوہ سٹی پولیس نے چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 5 ملزم راشد، کلیم اللہ، محمد علی، شاہد، عبداللہ، کو گرفتار کر کے اسکے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کر کے قبضے میں لے کر گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

## کوئٹہ، اندرون بلوچستان فائرنگ و حادثات پولیس اہلکار سمیت 7 جاں بحق، 4 افراد زخمی

**منگچر کے علاقے کلی گوریزئی میں مسلح افراد کے درمیان تصادم کمسن بچی سمیت تین افراد جاں بحق، دو زخمی ہو گئے، لیویز**

**سپنی روڈ پر ززنج کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق، بلیدہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے رکن صوبائی اسمبلی کا داماد ہلاک**

**نامعلوم بچہ بجلی کا کرنٹ لگنے سے موقع پر جاں بحق، تربت میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے پولیس افسر کو شہید کر دیا**

کوئٹہ، اندرون بلوچستان (رپورٹر، نمائندے، نیوز ایجنسیاں) قلات کے علاقے منگچر کے کلی گوریزئی میں مسلح افراد کے درمیان تصادم فائرنگ کے نتیجے میں کمسن بچی سمیت تین افراد جاں بحق، دو زخمی ہو گئے لیویز کے مطابق قلات کے علاقے منگچر کے کلی گوریز……

بقیہ 24 صفحہ نمبر 9 پر

ئی میں فائرنگ کا واقعہ قبائلی دشمنی کا شاخسانہ ہے لاشوں اور زخمیوں کو آر ایچ سی منگچر منتقل کیا گیا لیویز مزید کارروائی کر رہی ہے۔ دریں اثناء کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کو کوئٹہ کے علاقے سپنی روڈ پر ززنج کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی جاری ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily:

Bullet No. 5

DATE: 11 JUN 2023

Page No: 12


**Century Express Quetta**

## کوئٹہ میں گیس بجلی پانی کا مسئلہ گھمبیر، شہری ذہنی مریض بن گئے

**سردیوں میں گیس پریشر کم ہونا سمجھ آتا ہے مگر گرمیوں میں گیس کیوں نہیں آرہی، شہری**

**بجلی کی آنکھ مچولی نے تڑپا دیا، پانی تو بالکل نہیں آتا، بنیادی سہولتیں دی جائیں، عوام کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے شہری پانی بجلی گیس کی سہولت سے محروم، دن بھر گیس بجلی کی بندش غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور پانی کی عدم فراہمی نے شہریوں کو پریشان کردیا، ٹینکر مافیا کی من مانیاں جاری، پانی کا فی ٹینکر دو ہزار تک فروخت کیا جانے لگا، کوئی پوچھنے والا نہیں، تفصیلات کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں دن بھر بجلی کی بندش کی وجہ سے شہری ذہنی مریض بن گئے دوسری جانب شہر کا بڑا حصہ تاحال گیس پریشر کی مکمل بحالی نہ ہونے کے باعث گیس سے محروم، اندرون شہر کواری روڈ، نیو فقیر محمد روڈ، کواری روڈ، فقیر محمد روڈ اور اطراف کے علاقے گیس سے محروم ہیں۔ سوئی سدرن گیس کمپنی حکام صرف طفل تسلیوں سے کام چلانے لگے۔ صارفین گھروں میں کھانا بنانے کیلئے پریشان، مذکورہ بالا علاقوں کے مکینوں علی نواز، محمد ارسلان، ذیشان، تنویر اور خالد نے سینچری ایکسپریس کو بتایا کہ سردیوں میں گیس نہیں ہوتی تھی تو ہم کسی نہ کسی طرح گزارہ کر لیتے تھے مگر اب گرمیوں میں تو گیس مہیا کی جائے۔ صبح نو بجے کے بعد سے گیس غائب ہو جاتی ہے گھروں میں ناشتے کے بعد کھانا بنانے سمیت شام کے اوقات میں روٹی اور کھانا بنانا بھی مشکل ہوگیا۔ کمپریسر سے بھی گیس نہیں مل رہی جبکہ سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام کا کہنا ہے کہ شہر میں نئی گیس پائپ لائنیں بچھائی جارہی ہیں جس کی وجہ سے پرانی گیس پائپ لائنوں میں گیس پریشر کم ہے جیسے ہی لائنوں کے بچھانے کا کام مکمل ہو جائے گا تو شہر کے ان علاقوں بھی گیس تواتر کے ساتھ آئے گی۔ شہریوں کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں صبح سے رات گئے تک طویل لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے۔ غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ بھی بڑھ گیا بجلی نہ ہونے کی وجہ سے گھروں میں کام کاج رک گیا۔ کیسکو حکام سے پوچھا جائے تو مرمتی کام یا شٹ ڈاؤن کا بہانہ بنا کر صارفین کا منہ بند کر دیا جاتا ہے۔

## ٹرکوں پر فائرنگ کے واقعات کا سدباب کیا جائے، پرچون گڈز

**خستہ حال شاہراہوں پر سفر کرنے والے ٹرانسپورٹرز عدم تحفظ کا بھی شکار**

**حکومت نقصانات کا ازالہ کرے، ابراہیم نیچاری، احمد شاہ ناصر و دیگر کا مطالبہ**

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان پرچون گڈز ایسوسی ایشن کے نمائندے ابراہیم نیچاری، احمد شاہ ناصر، منظور مشوانی، فضل محمد، حضرت علی و دیگر نے مشترکہ بیان میں گزشتہ دنوں کوئٹہ سے لوڈ ٹرکوں پر فائرنگ واقعات کی مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ متاثرہ ٹرانسپورٹرز کے نقصانات کا ازالہ اور صوبے بھر کے ٹرانسپورٹرز کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی خستہ حال شاہراہوں پر سفر کرنا ویسے ہی دشوار ہے جبکہ شاہراہوں پر ٹرانسپورٹرز کو لوٹ مار اور چیک پوسٹوں پر بلا جواز تنگ کرنے کا سلسلہ بھی جاری ہے جس سے ٹرانسپورٹرز عدم تحفظ کا شکار ہیں اس جانب توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

## کمرشل بینکوں کی اے ٹی ایمز غیر فعال، کھاتے دار رقم کیلئے خوار

**وسطی و نواحی علاقوں میں اے ٹی ایمز پر شدید گرمی میں مرد اور خواتین کی قطاریں، نمبر آنے پر "نو سروس" کا پیغام نمودار**

**ناقص سروس اور انٹرنیٹ کے مسائل، صارفین خالی ہاتھ لوٹنے پر مجبور، سیکیورٹی عملے کا شہریوں سے الجھنا معمول بن گیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں بیشتر کمرشل بینکوں کے اے ٹی ایمز غیر فعال ہوگئیں، شدید گرمی میں انتظار کر کے لوگ خالی ہاتھ لوٹنے پر مجبور ہو گئے، بینکوں میں موجود سیکیورٹی عملہ بھی شہریوں سے الجھنے لگا جس سے صارفین کو مشکلات کا سامنا ہے، عوامی حلقوں نے گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور بینکنگ محتسب سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا، تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے وسطی و نواحی علاقوں میں کمرشل بینکوں نے اے ٹی ایمز نصب کر رکھی ہیں جنھوں نے کام کرنا چھوڑ دیا، شدید گرمی کے باوجود مرد اور خواتین شہری رقم کے حصول کیلئے طویل لائنوں میں کھڑے ہوتے ہیں، کافی انتظار کے بعد جب نمبر آ جائے تو اے ٹی ایمز میں "نو سروس" کا پیغام نمودار ہو جاتا ہے، لوگ مجبوراً رقم کیلئے ایک سے دوسرے اے ٹی ایم کے چکر کاٹتے رہتے ہیں، ہر جگہ ناقص سروس اور انٹرنیٹ کی وجہ سے اے ٹی ایمز کام نہیں کرتیں جس سے وہ خالی ہاتھ واپس لوٹ جاتے ہیں، اے ٹی ایمز کی غیر فعالیت کے بارے میں استفسار پر کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا جاتا، انٹرنیٹ کا بہانہ بنا کر صارفین سے جان چھڑا لیتے ہیں، دوسری جانب بینکوں میں موجود سیکورٹی عملہ شہریوں سے الجھ جاتا ہے۔

## کوئٹہ میں ترقیاتی منصوبوں کے نام پر کرپشن جاری

**جناح ٹاؤن میں سڑک کی اکھاڑ پچھاڑ کر کے انتظامیہ منظر سے غائب، شہری پریشان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں ترقیاتی منصوبوں کے نام پر کرپشن کرنے کے انوکھے کارنامے، جناح ٹاؤن میں سڑک کو اکھاڑ پچھاڑ کر کے انتظامیہ منظر عام سے غائب، دھول اور مٹی کی وجہ سے لوگوں میں کھانسی، زکام اور گلے کے امراض پھیلنے لگے، پیسے ہڑپ کرنے کے لئے جلد بازی میں غلط سیوریج لائنیں بچھانے لگے، جس سے اہل علاقہ اور تاجروں کو مشکلات درپیش ہیں۔ صوبائی دارالحکومت کے جناح ٹاؤن میں نجی اسکول کے سامنے سڑک کی تعمیر کا کام لوگوں کے لئے وبال جان بن گیا، تعمیر و مرمت کے نام پر دو ہفتے قبل سڑک کو اکھاڑ پچھاڑ کر کے انتظامیہ منظر عام سے غائب ہوگیا، تعمیراتی کام میں انتہائی ناقص اور غیر معیاری میٹریل استعمال کیا جا رہا ہے جس سے یہ سڑک جلد ہی ٹوٹ جائے گا۔ دوسری جانب کام کا جائزہ لینے کے لئے محکمہ مواصلات و تعمیرات کے کسی افسر نے زحمت تک نہیں کی۔ ستم ظریفی کی بات تو یہ ہے کہ پرانا سڑک کے اوپر ہی زیادہ اونچا کر کے سڑک کو لیول کیا گیا۔ یہ ہی نہیں جلد بازی میں پیسے ہڑپ کرنے کے لئے سیوریج لائن کا سلوپ بھی کمرشل ایریا کی جانب موڑ دیا گیا ہے۔ ایک مرتبہ سڑک بنانے کے بعد سیوریج لائن ڈالنے کے لئے دوبارہ اس کو توڑنے کا پلان بنایا گیا ہے۔

## بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح

## سنگ بنیاد رکھنے کی تقریبات پر پابندی

وزیراعلیٰ قدوس بزنجو نے ترقی منصوبوں کے افتتاح یا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریبات پر پابندی عائد کردی ہے ان کا کہنا ہے کہ ترقیاتی منصوبے عوام کے وسائل سے بناتے جاتے ہیں جن کا کریڈٹ کسی وزیر یا رکن اسمبلی یا کسی سرکاری عہدیدار کو دینا ناانصافی کے مترادف ہے ظاہری نمود نمائش کی بجائے بنیادی مسائل کا حل اہمیت کا حامل ہے ترقیاتی منصوبے عوام کا حق ہیں حکومت کا احسان نہیں وزیراعلیٰ کا یہ فیصلہ قابل ستائش ہے کیونکہ ترقیاتی منصوبے وزراء، ارکان اسمبلی اور سرکاری حکام کی ذاتی جیب سے نہیں بنائے جاتے بلکہ ان پر سرکاری خزانے کا وہ پیسہ خرچ ہوتا ہے جو ٹیکسوں کی صورت میں عوام ادا کرتے ہیں سنگ بنیاد رکھنے یا منصوبے کے افتتاح کی تقریبات پر بہت زیادہ اخراجات آتے ہیں جو سرکاری وسائل پر بوجھ ہے، وزیراعلیٰ کے اس فیصلے اور ان کے احکامات پر فوری عملدرآمد ہونا چاہئے۔

## بلوچستان کا بجٹ، صوبے کا آئینی حق

بلوچستان کا بجٹ دیگر صوبوں کی نسبت کم ہی ہوتا ہے اور بجٹ خسارہ بھی زیادہ ہوتا ہے، بلوچستان ملک کا سب سے بڑا اور پسماندہ صوبہ ہے باوجود اس کے کہ یہاں میگا منصوبوں سمیت سی پیک جیسا اہم منصوبہ جو ملکی معیشت کیلئے گیم چینجر ہے چل رہا ہے اور بلوچستان اس کا مرکز ہے مگر افسوس بلوچستان کو اپنے ہی منصوبوں کے محاصل کیلئے وفاق کے سامنے فریاد کرنا پڑتا ہے۔ سوئی گیس کی مد میں اربوں روپے کے بقایا جات اس کی ایک واضح مثال ہے جبکہ سیندک سمیت دیگر منصوبوں کی رقم کا یہاں ذکر نہیں۔ اگر بلوچستان کو اپنے ہی وسائل سے رقم آئینی طریقے سے دی جائے تو بلوچستان کا بجٹ سب سے مثالی ثابت ہوگا۔ بلوچستان اپنے بجٹ کے ذریعے نہ صرف بڑے منصوبوں کا آغاز کرے گا بلکہ سرکاری ملازمین کے مسائل کو حل کرنے کے ساتھ ویگر کے لیے روزگار کے ذرائع بھی پیدا کرے گا۔ وفاق اور بلوچستان میں کام کرنے والوں کو اپنی ترجیحات اور پالیسیوں پر نظر ثانی کرنی چاہئے چونکہ اب تو وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بھی اس روش پر شدید برہمی کا نہ صرف اظہار کیا ہے بلکہ مالی بحران کی وجوہات کو بھی بیان کیا ہے۔ بہرحال بلوچستان کا آئندہ مالی سال کا بجٹ 16 جون کو پیش کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع محکمہ خزانہ کے مطابق مالی سال 24-2023 کے بجٹ کا حجم 700 ارب روپے تک ہونے کا امکان ہے، آئندہ مالی سال کے بجٹ میں آمدنی کا تخمینہ 529 ارب 32 کروڑ روپے ہے جبکہ بجٹ کا خسارہ 150 ارب سے زائد ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع محکمہ خزانہ کے مطابق مالی سال کے دوران ترقیاتی بجٹ 200 ارب روپے کے لگ بھگ ہوسکتا ہے، بجٹ میں 5 ہزار سے زائد ملازمتیں فراہم کرنے، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 30 فیصد اضافے کی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئندہ بجٹ میں بلوچستان کے اپنے وسائل سے آمدنی کا تخمینہ 60 ارب 32 کروڑ روپے ہے، این ایف سی ایوارڈ کے تحت قابل تقسیم محاصل اور دیگر ذرائع سے آمدن کا تخمینہ 413 ارب روپے ہے۔ ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کے بجٹ میں تعلیم کیلئے 90 ارب روپے رکھے جانے کی تجویز ہے جب کہ امن وامان کے لیے 60 ارب روپے اور صحت کے لیے 50 ارب روپے رکھے جانے کی تجویز دی گئی ہے۔ موجودہ اور ماضی کے بجٹ میں کوئی خاص فرق نہیں کہ جس کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے یہ بتایا جائے کہ بلوچستان کے آئندہ سال پیش ہونے والے بجٹ سے بہت بڑا فرق آئے گا اور لوگوں کی زندگی میں تبدیلی کا سبب بنے گا اور صوبے میں بڑے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز ہوگا۔ بلوچستان وسیع رقبے پر پھیلا منتشر آبادیوں پر مشتمل علاقہ ہے جس کی ترقی اور لوگوں کا معیار زندگی بدلنے کیلئے بہت زیادہ مالی اخراجات کی ضرورت ہے جو بلوچستان حکومت کو میسر نہیں۔ بلوچستان دیگر صوبوں کے مقابلے میں ترقی کی رفتار اور بنیادی سہولیات کے حوالے سے بہت پیچھے ہے اس کا حل صرف بلوچستان کے آئینی حقوق کو تسلیم کرتے ہوئے جائز حق دینے سے ممکن ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 11 JUN 2023

Page No: 15

مکالہ خصوصی

# وزیراعلیٰ بلوچستان کی ایک اور کامیابی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان کے مالی مسائل پر بروقت اسٹینڈ لیا اور وفاقی حکومت کی طرف سے فنڈز کی عدم ادائیگی پر آواز اٹھائی جس کے نتیجے میں وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے پی پی ایل کے واجبات کی فوری ادائیگی اور مالی مسائل سے متعلق بلوچستان کے تحفظات دور کرنے کیلئے اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی تشکیل دے دی ہے جو صوبائی حکومت اور خاص طور سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی بڑی کامیابی ہے بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر عدم توجہی، فنڈز کی عدم فراہمی اور عدم تعاون کے حوالے سے شکایات پہلے بھی سامنے آتی رہی ہیں لیکن اب سے قبل کسی وزیراعلیٰ نے اس طرح بروقت دوٹوک موقف اختیار نہیں کیا اور نہ ہی انہیں اس طرح وفاقی سطح پر کامیابی حاصل ہوئی واضح رہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے جو بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر بھی ہیں وفاق کے عدم تعاون کے حوالے سے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اور بلوچستان کو درپیش مالی مشکلات کے پیش نظر قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس کا بھی بائیکاٹ کیا تھا اور اس کے بعد قومی اسمبلی میں اگلے مالی سال کے بجٹ اجلاس کے بائیکاٹ کا بھی اعلان کیا تھا تاہم جمعہ کے روز چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی نے قومی اسمبلی میں بی اے پی کے پارلیمانی لیڈر میر خالد خان مگسی اور سینیٹر نصیب اللہ بازئی پر مشتمل وفد نے وزیراعظم میاں شہباز شریف سے ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان کے مالی مسائل اور وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے پیش کئے گئے تحفظات کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ وفاق میں بی اے پی ہماری اہم اتحادی جماعت ہے اور بلوچستان کی ترقی ہماری اولین ترجیح ہے انہوں نے بلوچستان کے مالی مسائل کے حل کیلئے فوری طور پر ایک اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی تشکیل دے دی ہے جس میں وفاق اور صوبائی اراکین پارلیمنٹ کی نمائندگی موجود ہے یہ بھی طے پایا کہ کمیٹی کی سفارشات کو آئندہ مالی سال کے بجٹ میں شامل کیا جائے گا بتایا گیا ہے کہ اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی پندرہ دن میں اپنی رپورٹ پیش کرے گی یاد رہے کہ پی پی ایل کے واجبات کی ادائیگی کے علاوہ حالیہ سیلاب کے دوران وزیراعظم نے 10 ارب روپے کی امدادی رقم فراہم کرنے کا اعلان کیا تھا لیکن ایک سال گزر جانے کے باوجود وہ بھی اب تک حاصل نہیں ہوسکی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان کے مالی مسائل اور وفاق کے ذمہ واجب الادا فنڈز کی طرف نہ صرف بروقت نشاندہی کی بلکہ اس پر دوٹوک موقف اختیار کرکے بلوچستان کا کیس بے مثال انداز میں لڑا اور اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کی ہے اس میں شبہ نہیں ہے کہ بی اے پی وفاق میں حکومت کی اہم اتحادی جماعت ہے اور اس نے ثابت کیا کہ وہ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں نہ صرف بلوچستان کی موثر نمائندگی کرسکتی ہے بلکہ صوبے کے مسائل حل کرانے اور مطالبات منوانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، ریکوڈک منصوبے کی فنانسنگ کا مسئلہ ہو یا سی پیک میں بلوچستان کے شیئر کی وصولی کی بات ہو وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ہر موقع پر بلوچستان کے مفادات کا جرأت کے ساتھ دفاع کیا ہے صوبائی کابینہ کے اراکین نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے اس دوٹوک موقف کی بھرپور حمایت اور تائید کی ہے اور بلوچستان کے وسیع تر مفاد کو مقدم رکھنے سے متعلق وزیراعلیٰ کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ ایک بار پھر بلوچستان کے مالی مسائل پر وفاق سے اپنا مطالبہ منوانے میں کامیاب رہے ہیں یقیناً ان کی قیادت میں بلوچستان ایک بہتر مستقبل کی طرف بڑھ رہا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 11 JUN 2023

Page No: 16


# سرکاری ہسپتالوں میں مریض رُل گئے


صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com




واقعہ یہ ہے کہ چند روز قبل چلڈرن ہسپتال لاہور میں ایک بچی کو لایا گیا جس کی حالت کافی سیریس تھی۔ ایمرجنسی میں رش تھا۔ بچی کا والد بچی کی حالت کے پیش نظر چاہتا تھا کہ ڈاکٹر اس بچی کی طرف فوری توجہ دے۔ ایمرجنسی کا مطلب ہی یہ ہے کہ مریض فوری توجہ کا متقاضی ہے۔ ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر شاید حسب منشا توجہ نہ دے سکا۔ بچی ہسپتال میں انتقال کر گئی۔ بچی کے والد کا تعلق محکمہ پولیس سے تھا۔ اس کا موقف تھا اگر ڈاکٹر بروقت توجہ دیتا تو شاید اس کی بیٹی کی جان بچ جاتی۔ صدمے اور غصے کی حالت میں اس پولیس والے نے ڈاکٹر کو پکڑ کر زدوکوب کرنا شروع کر دیا جس کی وجہ سے ڈاکٹر صاحب شدید زخمی ہو گئے۔ قصہ مختصر پولیس آئی اس نے معمول کی کارروائی شروع کر دی۔ لیکن اپنے پیٹی بند بھائی کو گرفتار نہ کیا۔ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف میں پولیس کے رویے سے غم و غصے کی لہر دوڑ گئی۔ انہوں نے زخمی ڈاکٹر سے اظہار یکجہتی کے لئے ہسپتال میں ہڑتال کر دی۔ پولیس کو شاید واقعے کی سنگینی کا درست اندازہ نہ تھا۔ اس نے اسے معمول کا واقعہ سمجھتے ہوئے عام انداز میں ہی لیا اور مدعی کی داد رسی نہ کی۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن اس پر بپھر گئی۔ ڈاکٹر حضرات کو اپنے بے گناہ ساتھی ڈاکٹر پر بہیمانہ تشدد کا شدید غصہ تھا۔ وہ ملزم کی فوری گرفتاری اور قرار واقعی سزا چاہتے تھے۔ اگر پولیس حالات کو خراب ہونے سے بچانے کے لئے سمجھداری کا مظاہرہ کرتی اور ملزم کو پکڑ کر حوالات میں بند کر دیتی تو ڈاکٹرز کا غصہ ٹھنڈا ہو سکتا تھا۔ مگر اس نے بھی اپنے ساتھی کی گرفتاری کو اپنی ریڈ لائن قرار دے کر مضروب کی مدد نہ کی۔ بہرحال ڈاکٹرز حضرات پولیس کی کارروائی سے مطمئن نہ ہوئے اور ہڑتال کا دائرہ کار چلڈرن ہسپتال کی حدود سے نکل کر پورے صوبے میں پھیل گیا۔ پنجاب کے چھوٹے بڑے ہر ہسپتال کی او پی ڈی بند کر دی گئی۔

ہمارے ہاں آبادی کے اسی فیصد سے زائد لوگ سرکاری ہسپتالوں کے محتاج ہیں۔ مہنگی ادویات اور پرائیویٹ ڈاکٹروں کی بھاری فیسیں، پرائیویٹ لیبارٹریوں کے مہنگے ٹیسٹ کروانا اس شدید ترین مہنگائی کے دور میں لوگوں کی استطاعت سے باہر ہو چکا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں کی بندش سے غریب مریض بری طرح رُل گئے۔ پورا ہفتہ یہی حالات رہے۔ مریض اپنے لواحقین کے ساتھ جانے کس طرح مشکلوں سے ہسپتالوں میں پہنچتے مگر مسیحا ان کی مسیحائی سے انکار کر دیتے۔ ڈاکٹرز سیٹ پر موجود ہوتے لیکن خوش گپیوں اور چائے پینے میں مصروف رہتے۔ درد سے چلاتے اور زخموں سے تڑپتے مریضوں کی طرف سے انہوں نے اپنے کان اور آنکھیں بند کر لی تھیں۔ ایک شخص کی گرفتاری کے مطالبے نے پورے پنجاب کے ہسپتالوں کو مفلوج کر کے رکھ دیا۔ لڑائی دو اشخاص کے دائرے سے نکل کر دو صوبائی محکموں کے ہزاروں ملازمین کے درمیان شروع ہو گئی تھی۔ حقیقت حال کو سمجھنے اور معاملے کو بہتر انداز میں حل کرنے پر کوئی تیار نہ تھا۔

جب بھی دو لوگوں کے درمیان لڑائی ہوتی ہے تو ان میں جھوٹا کوئی بھی نہیں ہوتا۔ اپنے اپنے نقطہ نظر سے دونوں ہی سچے ہوتے ہیں۔ بس مسئلہ یہ ہے کہ دونوں میں سے کوئی بھی دوسرے کے نقطہ نظر کو سمجھنے کی کوشش نہیں کرتا۔ ایک طرف والا مُصر ہوتا ہے کہ یہ 6 کا ہندسہ لکھا ہوا ہے جبکہ سامنے بیٹھا شخص اصرار کر رہا ہوتا ہے کہ نہیں یہ 9 لکھا ہوا ہے۔ دونوں ہی اپنی اپنی جگہ سچے ہوتے ہیں مگر انہیں اصل حقیقت بتانے کے لئے کسی تیسرے شخص کی ضرورت ہوتی ہے۔ معاملہ یہاں بھی ایسا ہی ہوا تھا۔ لیکن تیسرا بننے کو تیار کوئی نہ ہوا۔ سب فریق بن گئے۔

ڈاکٹرز کا کام ہی مسیحائی ہے۔ وہ جب اپنی سیٹ پر بیٹھتا ہے تو پھر اس کا محور و مرکز اس کے مریض ہی ہوتے ہیں۔ خاص طور پر ایمرجنسی وارڈ میں بیٹھا ڈاکٹر زیادہ ہی چوکس ہوتا ہے۔ اسے ہر قسم کے ناگہانی حالات کے لئے خود کو ہمہ وقت تیار رکھنا پڑتا ہے۔ ایمرجنسی وارڈ کا ہر مریض سیریس حالت میں ہوتا ہے۔ اسے بھرپور توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہاں ڈاکٹر کے لئے تمام مریض ہی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ مریض تڑپ رہے ہوتے ہیں، درد سے چلا رہے ہوتے ہیں، آہ و بکا کر رہے ہوتے ہیں۔ ان کے لواحقین بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر کو بار بار پریشان کر رہے ہوتے ہیں۔ کوئی عدم توجہی کا گلہ کر رہا ہوتا ہے تو کوئی عدم برداشت کی وجہ سے لڑ رہا ہوتا ہے۔ ڈاکٹر سب کچھ دیکھ رہا ہوتا ہے، خندہ پیشانی سے برداشت کر رہا ہوتا ہے اور ساتھ ساتھ مسیحائی میں بھی مصروف ہوتا ہے۔ کبھی کسی نے نہیں سوچا کہ وہ بیک وقت کتنے محاذوں پر لڑ رہا ہے۔ دوسری طرف ہر مریض کو صرف اپنا دکھ سب سے بھاری لگتا ہے۔ ہر مریض کے لواحقین اپنے مریض کے لئے خصوصی توجہ چاہتے ہیں۔ ڈاکٹرز کے لئے تمام مریض برابر ہوتے ہیں مگر ہر مریض اپنے خاندان کے لئے وی آئی پی ہوتا ہے۔ وہ کسی کا سہارا تو کسی کی کل کائنات ہوتا ہے۔ جس طرح مریض اپنے لواحقین کے لئے انتہائی اہم ہوتا ہے وہ چاہتے ہیں ڈاکٹر بھی اسے اسی طرح اہم سمجھے، دوسروں پر فوقیت دے۔ ایسا عملاً ممکن نہیں ہوتا۔ بس یہی بگاڑ کا سبب بنتا ہے کہ دونوں ایک دوسرے کو سمجھ نہیں رہے ہوتے۔

بہرحال محکمہ صحت کے ملازمین کی یکجہتی نے ایک ہفتے بعد پولیس کو مجبور کر دیا کہ وہ اپنے پیٹی بند ساتھی کو گرفتار کرے۔ اگر یہ کام فوری ہو جاتا تو معاملات بگاڑ کی طرف نہ جاتے۔

یہاں سوچنے کی بات یہ ہے کہ اس ہڑتال والے ایک ہفتے کے دوران بلاشبہ لاکھوں مریض متاثر ہوئے ہوں گے۔ کتنے ہی علاج نہ ہونے کے کارن جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہوں گے۔ باقی مریض کس کرب سے گزرے ہوں گے اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے۔ مریض پورا ایک ہفتہ بے یار و مددگار رہے۔ اس کا ذمہ دار کون ہے؟ امیر لوگوں کو تو کوئی فرق نہیں پڑا۔ وہ سرکاری ہسپتالوں کا رخ ہی نہیں کرتے۔ ظلم ہوا تو ان بے چارے پسے ہوئے طبقے کے محروم لوگوں پر، جو پہلے ہی محرومیوں کے مارے ہوئے اور حکومتی پالیسیوں میں نظر انداز کیے ہوئے ہیں۔ اس ہڑتال کا فائدہ کس کو ہوا؟ یقیناً پرائیویٹ ہسپتال، ان میں بیٹھنے والے ڈاکٹرز، پرائیویٹ کلینک چلانے والے ڈاکٹرز اور پرائیویٹ لیبارٹریاں اس ہڑتال کی بینیفشری رہیں۔ ہڑتالی ڈاکٹرز اور دیگر عملہ بھی اپنی ڈیوٹی نہ کرنے کے باوجود رزق حلال سمجھ کر تنخواہ وصول کر لے گا۔ سزا ملی تو غریب لوگوں کو جو اس دوران مر گئے یا جنہوں نے بھاری قرض پکڑ کر، اپنا زیور بیچ کر یا خود کو گروی رکھ کر پرائیویٹ ہسپتالوں میں اپنی کھال اتروائی یا علاج کے بغیر اپنی چارپائیوں پر پڑے رہے اور عدم مساوات کو بھی مقدر کا لکھا سمجھ کر قبول کرتے رہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 11 JUN 2023 Page No:________



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ گوادر چیمبرز آف کامرس کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کو ڈی جی مجیب الرحمان ادارہ ترقیات گوادر سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA




گوادر، گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ ادارہ ترقیات گوادر میں جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کو چیئرمین گوادر بندرگاہ گوادر فری زون ماسٹر پلان سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ گوادر یونیورسٹی پہنچنے پر وی سی پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر استقبال کر رہے ہیں



گوادر، گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹیٹیوٹ کے مختلف حصوں کا معائنہ کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 11 JUN 2023

Page No: ________

Bullet No. ________



محمد خان لہڑی، سردار عبدالرحمان کھیتران، رشید بلوچ، نصیب اللہ مری، سردار بابر موسیٰ خیل، نصر اللہ زیرے اور اختر لانگو اجلاس میں بات چیت کررہے ہیں



انٹرنیشنل پراپرٹی ایکسپو میں خورشید برلاس صوبائی مشیر مٹھا خان کاکڑ، ولی محمد نورزئی ڈپٹی قونصل جنرل فریدون پیرلورن، حمداللہ اور نوجان کو شیلڈز دے رہے ہیں



صوبائی وزیر خزانہ زمرک خان اچکزئی بجٹ کے حوالے سے صحافیوں سے بات چیت کررہے ہیں



کوئٹہ: وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو سے ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی ملاقات کررہے ہیں


# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 11 JUN 2023

Page No: ________

Bullet No. ________




کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کیو ڈی اے گورننگ باڈی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں